© rasailojaraid.com

جامعہ سلفیہ فیصل آباد میں

# الجامعۃ الاسلامیۃ مدینۃ منورہ

کے زیر اہتمام

# دورۃ اللغۃ العربیۃ

اسلام کی حقیقی روح کو سمجھنے کے لیے عربی زبان کا جاننا اشد ضروری ہے کیونکہ قرآن و حدیث کی صحیح معرفت اسی شخص کو ہو سکتی ہے جو عربی زبان پر مکمل عبور رکھتا ہو۔ اور شریعت کے اصل ماخذ سے براہ راست مستفید ہو رہا ہو۔ اور جس نے بھی جد و جہد اور جستجو کے ساتھ عربی زبان سیکھنے کی کوشش کی وہ نہ صرف اس زبان کی خوبیوں سے آشنا ہوا بلکہ دینِ اسلام کی صحیح معرفت سے بہرہ ور ہوا۔

یوں تو عربی زبان سکولوں اور دینی مدارس میں پڑھائی جاتی ہے لیکن عربی بول چال پر کم توجہ دی جاتی ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ دینی مدارس میں خاص طور پر عربی زبان پر خصوصی توجہ دی جائے اور ذریعہ تعلیم بھی عربی بنایا جائے تاکہ عربی کتب کی عربی میں تدریس سے طلبہ کے اندر عربی جاننے، بولنے اور لکھنے کا ذوق پیدا ہو۔

اس سلسلے میں الجامعہ الاسلامیہ مدینہ منورہ گزشتہ کئی سالوں سے اپنا بھرپور کردار ادا کر رہا ہے۔ ہر سال سالانہ تعطیلات کے موقعہ پر نہ صرف پاکستان کے مختلف شہروں میں بلکہ دنیا کے اکثر ملکوں میں اساتذہ کرام کے مختلف وفود بھیجتے ہیں جو کہ مقامی لوگوں کو عربی کی تدریس کے علاوہ معلمین کی تربیت کے فرائض بھی سرانجام دیتے ہیں اور اس پر لاکھوں ریال خرچ کرتے ہیں حقیقت یہ ہے کہ خادم الحرمین الشریفین ملک فہد

© rasailojaraid.com